© rasailojaraid.com

غیر مطبوعہ

حبیباں ہم کدھر جائیں☆

حبیباں تم چڑھے دن کی چمکتی تیز کرناں ہو
جو تم سے دوستی رکھیں
تو یہ سانساں پگھل جاویں
جو تم سے دشمنی رکھیں
تو دیواراں درختاں پہ، اپن کی کرچیاں ہرسو بکھر جاویں

حبیباں ہم کدھر جائیں
حبیباں ہم تو سائے ہیں
جو دیواراں، درختاں سے
لیٹ کے نینداں کرتے ہیں
بتاں کی، لُعبتاں کی، بالکاں کی، نغمہ خواناں کی
ناریاں کی، بے زباناں کی
جواناں گھبروؤاں کی،
کساناں، سارباناں کی، پنچھیاں کی، نغمہ خواناں کی
پریمی، رس بھری باتاں
وہ ٹھنڈی چاندنی راتاں
حکایاتاں شکایاتاں
ہمیں خواباں سے چونکاویں
تو پھر نینداں کہاں آویں؟

☆ محترم ڈاکٹر اسلم انصاری کی رائے میں یہ نظم بھوپالی زبان میں لکھی گئی ہے۔

© rasailojaraid.com